روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

پیر 25 اکتوبر 2004ء 10 رمضان المبارک 1425 ہجری 25 اخاء 1383 ہش جلد 54-89 نمبر 242

رضاء الٰہی کیلئے روزہ کا اجر

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

جو بندہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں اس کی رضا چاہتے ہوئے روزہ رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے اور آگ کے درمیان ستر خریف کا فاصلہ کر دیتا ہے۔

(مسند دارمی کتاب الجہاد باب من صام یوما حدیث نمبر 2292)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ایک دفعہ میرے دل میں آیا کہ یہ فدیہ کس لئے مقرر کیا گیا ہے تو معلوم ہوا کہ توفیق کے واسطے ہے۔ تا کہ روزہ کی توفیق اس سے حاصل ہو۔ خدا تعالیٰ ہی کی ذات ہے جو توفیق عطا کرتی ہے اور ہر شئے خدا تعالیٰ ہی سے طلب کرنی چاہئے۔ خدا تعالیٰ تو قادر مطلق ہے وہ اگر چاہے تو ایک مدقوق کو بھی روزہ کی طاقت عطا کر سکتا ہے تو فدیہ سے یہی مقصود ہے کہ وہ طاقت حاصل ہو جائے اور یہ خدا تعالیٰ کے فضل سے ہوتا ہے۔ پس میرے نزدیک خوب ہے کہ (انسان) دعا کرے کہ الٰہی یہ تیرا ایک مبارک مہینہ ہے اور میں اس سے محروم رہا جاتا ہوں اور کیا معلوم کہ آئندہ سال زندہ رہوں یا نہ۔ یا ان فوت شدہ روزوں کو ادا کر سکوں یا نہ۔ اور اس سے توفیق طلب کرے تو مجھے یقین ہے کہ ایسے دل کو خدا تعالیٰ طاقت بخش دے گا۔ (ملفوظات جلد دوم ص 563)

(ایک شخص نے) سوال کیا کہ میں نے آج سے پہلے کبھی روزہ نہیں رکھا اس کا کیا فدیہ دوں۔

فرمایا خدا ہر شخص کو اس کی وسعت سے باہر دکھ نہیں دیتا۔ وسعت کے موافق گزشتہ کا فدیہ دے دو اور آئندہ عہد کرو۔ کہ سب روزے ضرور رکھوں گا۔

اللہ تعالیٰ نے شریعت کی بنا آسانی پر رکھی ہے جو مسافر اور مریض صاحب مقدرت ہوں ان کو چاہئے۔ کہ روزہ کی بجائے فدیہ دیدیں۔ فدیہ یہ ہے کہ ایک مسکین کو کھانا کھلایا جائے۔

صرف فدیہ تو شیخ فانی یا اس جیسوں کے واسطے ہو سکتا ہے جو روزہ کی طاقت کبھی بھی نہیں رکھتے۔ ورنہ عوام کے واسطے جو صحت پا کر روزہ رکھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ صرف فدیہ کا خیال کرنا اباحت کا دروازہ کھول دینا ہے۔ جس دین میں مجاہدات نہ ہوں وہ دین ہمارے نزدیک کچھ نہیں۔ اس طرح سے خدا تعالیٰ کے بوجھوں کو سر پر سے ٹالنا سخت گناہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ جو لوگ میرے راہ میں مجاہدہ کرتے ہیں ان کو ہی ہدایت دی جاوے گی۔

فرمایا۔ خدا تعالیٰ نے دین (۔) میں پانچ مجاہدات مقرر فرمائے ہیں۔ نمبر 1۔ نماز۔ نمبر 2۔ روزہ۔ نمبر 3۔ زکوٰۃ صدقات۔ نمبر 4 حج۔ نمبر 5 (دینی) دشمن کا ذب اور دفع خواہ سیفی ہو۔ خواہ قلمی۔ یہ پانچ مجاہدے قرآن شریف سے ثابت ہیں (احمدیوں) کو چاہئے کہ ان میں کوشش کریں اور ان کی پابندی کریں۔ یہ روزے تو سال میں ایک ماہ کے ہیں۔ بعض اہل اللہ تو نوافل کے طور پر اکثر روزے رکھتے رہتے ہیں اور ان میں مجاہدہ کرتے ہیں۔ ہاں دائمی روزے رکھنا منع ہیں یعنی ایسا نہیں چاہئے کہ آدمی ہمیشہ روزے ہی رکھتا رہے بلکہ ایسا کرنا چاہئے کہ نفلی روزہ کبھی رکھے اور کبھی چھوڑ دے“

(تفسیر سورۃ البقرہ از مسیح موعود ص 263)

صدر انجمن احمدیہ میں

محررین کی ضرورت

دفاتر صدر انجمن احمدیہ میں کارکنان درجہ دوم کی وقتاً فوقتاً ضرورت رہتی ہے۔ ایسے مخلص احمدی احباب جن کی عمر 40 سال یا اس سے زائد ہو وہ اپنی درخواستیں بھجوائیں۔ جو دینی کاموں سے شغف اور خدمت دین کا شوق رکھتے ہوں اور محنت سے کام کرنا چاہتے ہوں اور صدر انجمن احمدیہ کے قواعد کے مطابق کام کرنے کے خواہش مند ہوں۔

تعلیمی قابلیت:۔ ایف۔اے، ایف ایس سی، بی اے، بی ایس سی۔

مطلوبہ معیار پر پورا اترنے والے امیدوار اپنی درخواستیں تعلیمی قابلیت کی مصدقہ نقول صدر صاحب جماعت کی تصدیق اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی کے ساتھ مورخہ 20 نومبر 2004ء تک دفتر نظارت دیوان میں بھجوادیں۔ نامکمل درخواستوں پر غور نہیں ہوگا۔ (ناظر دیوان۔ صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ)

نصرت جہاں اکیڈمی کی طالبات کی نمایاں کامیابی

امسال سالانہ علمی و ادبی مقابلہ جات ڈسٹرکٹ لیول منعقدہ 7 تا 13۔اکتوبر 2004ء میں خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے مندرجہ ذیل طالبات نے نمایاں پوزیشنز حاصل کیں۔

1۔ انگریزی تقریری مقابلہ۔ نصرت جہاں زارا بنت ڈاکٹر مرزا خالد تسلیم احمد صاحب کلاس O.2۔ اول

2۔ فی البدیہہ تقریری مقابلہ۔ امۃ الکافی بنت محمد خان صاحب کلاس 10th۔ دوئم۔

3۔ نعت خوانی۔ سعدیہ منیب بنت مغفور احمد منیب صاحب۔ O.2۔ سوئم

اردو مباحثہ میں حوصلہ افزائی کا انعام جج صاحبان نے اپنی جانب سے عزیزہ ایمن عابد بنت عبدالحمید عابد صاحب کلاس O.2 اور فرینہ ناصر بنت محمود احمد ناصر صاحب کلاس 10th کو دیا۔

احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ یہ اعزازت طالبات اور ادارہ کے لئے مبارک کرے اور یہ کامیابیاں آئندہ کامیابیوں کا پیش خیمہ ثابت ہوں۔ آمین

(پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ)

دعوت الی اللہ کے سنہری گر

143

پر حکمت نصائح ایمان افروز واقعات

مرتبہ: عبدالستار خان صاحب

خطبہ جمعہ کی کیسٹس سنانے کا انتظام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے جلسہ سالانہ 1983ء کے دوسرے روز خطاب کرتے ہوئے فرمایا نظارت تصنیف ولٹریچر نے ایک اور کام بہت اچھا کیا کہ خطبات جمعہ کیسٹس کی شکل میں ساری جماعتوں کو بھجوانے کا انتظام کیا اور مختلف جگہوں سے اس سے متعلق بہت اچھی خوشکن رپورٹیں مل رہی ہیں اور جماعتوں کو اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ بہت فائدہ پہنچا ہے کیونکہ بعض دفعہ خطبے دیر میں چھپتے ہیں اور پھر سارے لوگ چھپے ہوئے خطبے پڑھ بھی نہیں سکتے کئی جگہ جماعتوں میں ان پڑھ لوگ بھی ہیں اور بعضوں کو پتہ بھی نہیں لگتا کب الفضل آیا اور کب چلا گیا۔ تو کیسٹس سننے اور سنانے کا رجحان شروع ہو گیا ہے۔ بعض دوست تو بڑے دلچسپ واقعات لکھتے ہیں۔ ایک صاحب لکھتے ہیں کہ خطبہ جمعہ کی کیسٹ ملی تو میں موٹر میں کہیں جا رہا تھا تو وہیں میں نے کیسٹ لگا دی ان کا ڈرائیور غیر احمدی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ کچھ دیر کے بعد کار جھولنی شروع ہوئی اور میں ڈر گیا کہ شاید ڈرائیور سو گیا ہے تو وہ بے اختیار رو رہا تھا اور موٹر ایک طرف کھڑی کر کے کہا کہ اب مجھ سے کار نہیں چلائی جاتی۔ اس کے دل پر اتنا اثر ہوا کہ ان کے بیان کے مطابق اس نے فیصلہ کیا کہ اب میں جا کر بیعت کروں گا۔ تو یہ تاثرات جو ساری دنیا سے آ رہے ہیں انہیں بیان کرنا تو ممکن نہیں ہے مگر اللہ تعالیٰ کے فضل سے نظارت اشاعت و تصنیف لٹریچر کا یہ کام بھی بڑا بابرکت ثابت ہو رہا ہے۔ (الفضل 14۔ اپریل 1984ء)

شرح صدر

حضرت مستری قطب الدین صاحب موضع گھوگھیاٹ ضلع سرگودھا بیان کرتے ہیں:۔

''میرے احمدیت میں داخل ہونے اور ایمان لانے کا اصل باعث کتاب آسمانی اور ازالہ اوہام تھی۔ جن سے میرا شرح صدر ہوا اور میں نے بیعت کر لی۔

میں جب آپ کی کتابوں کو پڑھ رہا تھا تو سب سے پہلے میں نے بڑے زور سے اپنے استاد کو دعوت الی اللہ شروع کی۔ میں وہی دلائل پیش کرتا تھا جو آپ نے بیان فرمائے ہیں وہ میرے ان دلائل کو توڑ نہ سکے...... یہ قوت میں نے حضور کی کتابوں اور حضور کے دلائل میں دیکھی کہ کوئی سامنے نہ آتا تھا۔

1894ء میں پہلی دفعہ قادیان آیا۔ حضور کے دست مبارک پر بیعت کی۔ (الفضل 26/ اگست 2002ء)

تقریر کے ذریعہ اتمام حجت

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

میرا ارادہ ہے کہ اگرچہ اپنے فرض کا ایک حصہ بذریعہ تحریروں کے ہم نے پورا کر دیا ہے مگر تاہم ایک بڑا ضروری حصہ باقی ہے کہ عوام الناس کے کانوں تک ایک دفعہ خدا تعالیٰ کے پیغام کو پہنچا دیا جاوے کیونکہ عوام الناس میں ایک بڑا حصہ ایسے لوگوں کا ہوتا ہے جو کہ تعصب اور تکبر وغیرہ سے خالی ہوتے ہیں اور محض .... کہنے سننے سے وہ حق سے محروم رہتے ہیں۔ جو کچھ یہ (۔) کہہ دیتے ہیں۔ اسے (۔) مان لیتے ہیں۔ ہماری طرف کی باتوں اور دعووں اور دلیلوں سے محض ناآشنا ہوتے ہیں۔ اس لئے ارادہ ہے کہ بڑے بڑے شہروں میں جا کر بذریعہ تقریر کے لوگوں پر اتمام حجت کی جاوے اور ان کو بتلایا جاوے کہ ہمارے مامور ہونے کی غرض کیا ہے اور اس کے دلائل کیا ہیں۔

(ملفوظات جلد سوم ص 551)

مجاہدات اور دعائیں

حضرت منشی خدا بخش صاحب تحریر فرماتے ہیں: حضرت صاحب کے دعویٰ سے قبل مجھے مذہبی امور میں ذوق شوق حاصل تھا۔ نماز درود شریف۔ تہجد کی عادت تھی۔ مگر پتہ نہ ملتا تھا کہ خدا کس طرح ملتا ہے؟ مجاہدات کرتا رہا۔ اور بہت دعائیں کیں۔ اور مجذوب ہو گیا۔ انہی ایام میں مجھے خواب آیا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ ایک بزرگ صورت بزرگ ہیں۔ وہ السلام علیکم کہتے ہیں۔ جب پوچھتا ہوں کہ میں آپ کو کہاں مل سکتا ہوں۔ تو آپ مسکرا چھوڑتے اور نہ بتاتے .... اس طرح ایک عرصہ تک مجھ سے ہوتا رہا۔ آخر کار منشی عبدالخالق صاحب اور محمد حسین صاحب سے حضرت مرزا صاحب کا پتہ چلا۔ میں چند مجذوبوں کے ساتھ گیا۔ حضرت صاحب کے ساتھ کھانا کھایا اور بیعت کے لئے درخواست کی۔ حضرت صاحب نے فرمایا ابھی بیعت لینے کا حکم نہیں ہے۔ اجازت کے بعد ہم لوگ واپس آ گئے۔ پھر کچھ عرصہ بعد محمد حسین نے بیعت کر لی اور پتہ لگنے پر میں بھی گیا اور بیعت میں داخل ہو گیا۔ حضرت صاحب کی یہ ہدایت تھی کہ جلد جلد قادیان آیا کریں۔ غالباً 1889ء میں بیعت کی ہے۔ اچھی طرح سن یاد نہیں۔ ابتدائی سن میں ہی بیعت کی تھی۔

(الفضل 3/ مارچ 2003ء)

☆......☆......☆

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم اکرام اللہ بھٹی صاحب مربی سلسلہ قمر آباد تحصیل مورو ضلع نوشہرو فیروز سندھ لکھتے ہیں۔ خاکسار کے تایا جان ڈاکٹر محمد عبداللہ صاحب بھٹی ایک لمبا عرصہ بیمار رہنے کے بعد بعمر 80 سال انتقال کر گئے۔ ان کی وفات لطیف آباد نمبر 9 حیدر آباد میں اپنے بیٹے ظفر اللہ بھٹی صاحب کے ہاں ہوئی وہاں سے ان کی میت کو کراچی لے جایا گیا مورخہ 12/ اکتوبر 2004ء کو بعد نماز عصر مکرم نعیم احمد صاحب تبسم مربی سلسلہ نے مہاجر کیمپ نمبر 5 میں ان کی نماز جنازہ پڑھائی اس کے بعد باغ احمد قبرستان کراچی میں ان کی تدفین ہوئی تدفین کے بعد محترم مربی صاحب نے دعا کروائی۔ محترم تایا جان مرحوم ایک مخلص فدائی احمدی تھے بہت مہمان نواز سادہ طبیعت انسان تھے فرقان فورس میں بھی خدمت کا موقع پایا۔ اس کے علاوہ بطور ڈاکٹر بارانی نزد نبی سر روڈ کنزی ضلع میر پور خاص میں دکھی انسانیت کی خدمت کرتے رہے غرباء کا مفت علاج کرتے رہے آپ نے سوگواران میں 5 بیٹے اور تین بیٹیاں چھوڑی ہیں دو چھوٹے بیٹوں کے علاوہ باقی سب شادی شدہ ہیں۔ تمام احباب جماعت سے ان کے درجات کی بلندی و مغفرت کیلئے دعا کی درخواست ہے نیز تمام سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے۔

اعلان دارالقضاء

(محترمہ امۃ الاعلیٰ صاحبہ وغیرہ بابت ترکہ محترمہ امۃ العزیز صاحبہ)

ورثاء محترمہ امۃ العزیز صاحبہ اہلیہ مکرم حسن علی صاحب سکنہ باب الابواب ربوہ نے درخواست دی ہے کہ ہماری والدہ بقضائے الٰہی وفات پا چکی ہیں۔ قطعہ نمبر 6/1 محلہ باب الابواب برقبہ ایک کنال میں سے نصف حصہ (10 مرلے) ان کے نام ہے۔ جس پر مکان تعمیر شدہ ہے۔ ان کا یہ حصہ ہماری بہن محترمہ امۃ الاعلیٰ صاحبہ کے نام منتقل کر دیا جائے۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:۔

(1) محترمہ امۃ الاعلیٰ صاحبہ (بیٹی)
(2) محترمہ امۃ السبوح صاحبہ (بیٹی)
(3) مکرم محمود الحسن صاحب (بیٹا)
(4) محترمہ امۃ الرافع صاحبہ (بیٹی)
(5) مکرم عزیز الحسن صاحب (بیٹا)
(6) محترمہ امۃ الکبیر صاحبہ (بیٹی)
(7) محترمہ امۃ الصغیر صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

نکاح

مکرمہ مظفرہ یوسف صاحبہ بنت مکرم محمد یوسف سجاد صاحب دارالبرکات ربوہ کا نکاح ہمراہ مکرم مبشر احمد صاحب ابن مکرم مرزا محمد یوسف صاحب کوئٹہ مورخہ 14/ اکتوبر 2004ء کو بیت المبارک میں بعد نماز عصر محترم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد نے بعوض تینتیس ہزار روپے حق مہر پڑھا۔ احباب کرام سے اس رشتہ کے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ ہونے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

آسامیاں خالی ہیں

محکمہ زراعت حکومت پنجاب شعبہ اصلاح آبپاشی کے تحت پنجاب کے مختلف اضلاع میں نائب زرعی انجینئرز، واٹر مینجمنٹ آفیسرز، سپروائزرز، کمپیوٹر آپریٹر، راڈمین اور نائب قاصد کی آسامیاں خالی ہیں۔ درخواستیں بھجوانے کی آخری تاریخ 6 نومبر 2004ء ہے۔ خواہشمند افراد سادہ کاغذ پر درخواستیں بمعہ اسناد وشناختی کارڈ اپنے ضلع کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن آفیسر کے نام بھجوائیں۔ مزید تفصیل 21۔ اکتوبر 2004ء کے اخبار جنگ میں ملاحظہ فرمائیں۔

(نظارت صنعت وتجارت)

درخواست دعا

☆ مکرم نصیر حسین صاحب شامی چھاؤنی لاہور لکھتے ہیں کہ میرے بڑے بیٹے محمد تنویر احمد صاحب (واقف نو) نے امسال نویں کے امتحان (فیڈرل بورڈ) میں آرمی پبلک سکول (Garrison Boys) لاہور کینٹ میں 463/525 نمبر لے کر سکول میں کامیابی حاصل کی ہے۔ دعا کی درخواست ہے کہ خدا تعالیٰ اس کامیابی کو مزید کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔ آمین

> دنیا کی کوئی آسمانی کتاب ایسی نہیں جس نے انسان کو کائنات عالم پر غور کرنے کا اس طرح واضح حکم دیا ہو جس طرح قرآن کریم نے دیا ہے۔
>
> (حضرت خلیفۃ المسیح الثانی)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

بہترین زندگی کا ضامن۔ تقویٰ کی اہمیت اور فضائل

یہ وہ بنیادی جڑ ہے جس پر دین حق کی عمارت استوار ہے

(محمد شکر اللہ صاحب)

ایک دفعہ بھیرہ کے ایک بڑھئی بنام محمد اسلام حضرت مسیح موعود کی خدمت میں بیت مبارک میں حاضر تھے۔ انہوں نے حضور سے عرض کی کہ میں اب وطن واپس جاتا ہوں۔ مجھے حضور نصیحت فرمائیں۔ حضرت نے فرمایا تقویٰ اختیار کرو۔ اس نے نہایت سادگی سے عرض کی کہ حضور میں نہیں جانتا تقویٰ کیا ہے۔ حضور نے فرمایا تقویٰ یہ ہے کہ:

"جس چیز میں دسواں حصہ بھی شبہ کا ہو اس کو چھوڑ دو"

حضرت مسیح موعود اپنے منظوم کلام میں تقویٰ کے ضمن میں فرماتے ہیں:

تقویٰ یہی ہے یارو کہ نخوت کو چھوڑ دو
کبر و غرور و بخل کی عادت کو چھوڑ دو
بدتر بنو ہر ایک سے اپنے خیال میں
شاید اسی سے دخل ہو دارالوصال میں
چھوڑو غرور و کبر کہ تقویٰ اسی میں ہے
ہو جاؤ خاک مرضئ مولا اسی میں ہے

تقویٰ دین کا ایک اہم رکن ہے۔ یہ تمام نیکیوں کی جڑ ہے۔ یہ وہ بنیادی اینٹ ہے جس پر دین کی عمارت استوار ہوئی ہے۔ یہ گلشن دین کا ایسا پھل ہے جس کی شیرینی سے صرف متقی لوگ ہی لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔

حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل کیا خوب فرماتے ہیں کہ:

نہیں معیار عزت کا حکومت، حسن یا لشکر
نہ جاہ و قوم و طاقت ہے نہ اولاد و زر و گوہر
خدا کے ہاں فقط پرسش ہے نیکی اور تقویٰ کی
کہ جو تقویٰ میں ہوں برتر وہی عزت میں ہیں بڑھ کر

(بخارِ دل)

خدا تعالیٰ کے ہاں وہی مکرم اور معزز ہے جو متقی ہے۔ قوموں کا تفرقہ کچھ چیز نہیں ہے اور نہ ذات کا اونچا ہونا کوئی حیثیت رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تو وہی بزرگ ہے جو پرہیزگاری سے حصہ لیتا ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تم میں سے عزت والا وہ ہے جو زیادہ متقی ہے تقویٰ کی اہمیت وضرورت کے بارے میں حضرت مسیح موعود نے اپنی کتب میں مختلف مقامات پر مختلف پیرائیوں میں روشنی ڈالی ہے۔ اس ضمن میں چند اقتباسات پیش کرتا ہوں۔

آپ فرماتے ہیں:

"خدا تعالیٰ نہ محض جسم سے راضی ہوتا ہے نہ قوم سے اس کی نظر ہمیشہ تقویٰ پر ہے۔ (۔) یعنی اللہ کے نزدیک تم میں سے زیادہ بزرگی رکھنے والا وہی ہے جو تم میں سے زیادہ متقی ہے۔ یہ بالکل جھوٹی باتیں ہیں کہ میں سید ہوں یا مغل ہوں یا پٹھان اور شیخ ہوں اگر بڑی قومیت پر فخر کرتا ہے تو یہ فخر فضول ہے مرنے کے بعد سب قومیں جاتی رہتی ہیں"۔

(ملفوظات جلد سوم ص 343)

نیز فرماتے ہیں:

"بعض نادان ایسے بھی ہیں کہ جو ذاتوں کی طرف جاتے ہیں اور اپنی ذات پر بڑا تکبر اور ناز کرتے ہیں۔ بنی اسرائیل کی ذات کیا کم تھی جس میں نبی اور رسول آئے لیکن کیا ان کی اس اعلیٰ ذات کا کوئی لحاظ خدا تعالیٰ کے حضور ہوا.......... ان کا نام سؤر اور بندر رکھا گیا اور اسے اس طرح پر انسانیت کے دائرہ سے خارج کر دیا۔ میں نے دیکھا ہے کہ بہت سے لوگوں کو یہ مرض لگا ہوا ہے خصوصاً سادات اس مرض میں بہت مبتلا ہیں وہ دوسروں کو حقیر سمجھتے ہیں اور اپنی ذات پر ناز کرتے ہیں۔ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے لئے ذات کچھ چیز بھی نہیں اور اسے ذرا بھی تعلق نہیں ہے.......... میں یقیناً جانتا ہوں کہ خدا تعالیٰ کے قرب سے زیادہ دور پھینکنے والی اور حقیقی نیکی کی طرف سے روکنے والی بڑی بات یہی ذات کا گھمنڈ ہے کیونکہ اس سے تکبر پیدا ہوتا ہے۔ اور تکبر ایسی شے ہے کہ وہ محروم کر دیتا ہے.......... پس ذات پر ناز اور گھمنڈ نہ کرو کہ یہ نیکی کے لئے روک کا باعث ہو جاتا ہے۔ ہاں ضروری یہ ہے کہ نیکی اور تقویٰ میں ترقی کرو" (ملفوظات جلد ہفتم ص 188)

نیز فرمایا:

اسی طرح چاہئے کہ بڑی قوم کے لوگ چھوٹی قوم کو ہنسی نہ کریں اور نہ کوئی یہ کہے کہ میرا خاندان بڑا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تم میرے پاس جو آؤ گے تو یہ سوال نہ کروں گا کہ تمہاری قوم کیا ہے بلکہ سوال یہ ہوگا کہ تمہارا عمل کیا ہے اسی طرح پیغمبر خدا نے فرمایا ہے اپنی بیٹی سے کہ اے فاطمہؓ خدا تعالیٰ ذات کو نہیں پوچھے گا۔ اگر تم کوئی برا کام کرو گی تو خدا تعالیٰ تم سے اس واسطے درگزر نہ کرے گا کہ تم رسول کی بیٹی ہو۔ پس چاہئے کہ تم ہر وقت اپنا کام دیکھ لیا کرو" (ملفوظات جلد ششم ص 54)

بہتر زندگی کا ضامن

اگر کسی معاشرہ کے افراد ہر کام کرتے وقت تقویٰ کو مدنظر رکھیں تو وہاں کی زندگی جنت بن جائے اور ہر شخص راحت اور بشاشت سے زندگی گزارے اگر تاجر اپنی تجارت میں زمیندار اپنے زمیندارہ میں ملازم اپنی ملازمت میں صنعت کار صنعت میں آقا اپنے کام میں اور مزدور اپنی مزدوری میں ایک قاضی اور جج فیصلہ کرتے وقت، وکیل اپنی وکالت میں تقویٰ سے کام لیں اور تقویٰ سے متعلق جو ارشادات خدا تعالیٰ نے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمائے ہیں ان پر عمل کریں تو ہر شخص نیکی کی زندگی گزار سکتا ہے۔

حضرت مسیح موعود کیا خوب فرماتے ہیں:

ہر اک نیکی کی جڑ یہ اتقاء ہے
اگر یہ جڑ رہی سب کچھ رہا ہے

کامیابی کی راہ

حدیث شریف میں آتا ہے کہ جو خدا تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ ضرور اس کے لئے کامیابی کی راہ پیدا کر دیتا ہے۔ جب بندہ خدا تعالیٰ کا دامن پکڑ لیتا ہے اور تقویٰ کو بنیاد بنا لیتا ہے تو چاہے راہ میں مشکلات کے کتنے ہی بڑے بڑے پہاڑ کیوں نہ ہوں خدا تعالیٰ اس کو کبھی ناکام نہیں ہونے دیتا کیونکہ وہ نہیں پسند کرتا ہے کہ اس کا بندہ جو صرف اس کی رضا حاصل کرنے کے لئے کام کرتا ہے نا کام و نامراد ہو۔ بلکہ وہ ایسے ذرائع سے کامیابی کے سامان پیدا کرتا ہے اور رزق کے وسائل مہیا کر دیتا ہے کہ انسان کے وہم وگمان میں بھی نہیں ہوتا۔

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:

جو کوئی تقویٰ کرے گا پیشوا ہو جائے گا
قبلہ رخ ہوتے ہوئے قبلہ نما ہو جائے گا

کاموں کی بنیاد تقویٰ

آج کا دور مادہ پرستی کا دور ہے اور ساری کوششیں صرف دنیا کمانے پر ہی صرف ہوتی ہیں ایسے وقت میں خدا تعالیٰ نے ہماری جماعت کو اس لئے کھڑا کیا ہے کہ ہم لوگوں کو خالق حقیقی کے قرب کی راہوں سے روشناس کرائیں۔ اگر ہمارے کام بھی محض مادی ہو جائیں اور ان کے پیچھے خدا تعالیٰ کا تقویٰ نہ ہو تو اس کا کوئی فائدہ نہیں۔ ان صلاحیتوں کو جو خدا تعالیٰ نے ہمیں ودیعت کی ہیں محض دنیا کے لئے لگا دینا ان کا ضیاع ہے۔ دنیا میں بے شمار ایسی سوسائٹیاں اور انجمنیں ہیں جو خدمت خلق کا کام کر رہی ہیں۔ پھر ہم میں اور ان میں کیا فرق ہوا؟ یہی فرق ہے کہ ہمارے تمام کام صرف خدا تعالیٰ کی رضا کے لئے ہوتے ہیں۔ ہم وہی کام کرتے ہیں جس سے اللہ تعالیٰ کی عظمت وجلال ظاہر ہو۔ یہ تبھی ہو سکتا ہے جب کہ ہمارے کاموں کی بنیاد تقویٰ پر ہو۔ اگر ایسا ہو جائے تو خدا تعالیٰ خود ہمارا حامی اور دستگیر ہو جائے گا اور ہم اپنے مقاصد میں کامیاب ہوتے چلے جائیں گے۔

تقویٰ کی جڑ یہی ہے کہ خالق سے پیار ہو
گو ہاتھ کام میں ہوں مگر دل میں یار ہو

سیدنا حضرت مسیح موعود اپنی جماعت کے لئے تقویٰ کو لازمی قرار دیتے ہیں بلکہ حضور کے نزدیک اللہ تعالیٰ نے آپ کو متقیوں کا ایک مضبوط اور مخلص گروہ پیدا کرنے کے لئے ہی مبعوث فرمایا ہے چنانچہ آپ فرماتے ہیں۔

"خدا نے ہمیں جس بات پر مامور فرمایا ہے وہ یہی ہے کہ تقویٰ کا میدان خالی پڑا ہے تقویٰ ہونا چاہئے نہ یہ کہ تلوار اٹھاؤ یہ حرام ہے اگر تم تقویٰ کرنے والے ہو گے تو ساری دنیا تمہارے ساتھ ہوگی پس تقویٰ پیدا کرو"

(الحکم 17 جنوری 1903ء)

خدا تعالیٰ کا بے حد شکر و احسان ہے کہ جماعت احمدیہ میں بہت سی ایسی برگزیدہ ہستیاں موجود ہیں جنہیں تقویٰ کا بلند مقام حاصل ہے بطور نمونہ چند مثالیں ملاحظہ کے لئے پیش ہیں۔

تقویٰ کا بلند مقام

ایک مرتبہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے ساتھ مولوی حسن علی صاحب ایک دعوت سے واپس آرہے تھے کہ رستہ میں ایک مکان کی چھت پر چند سوکھی ٹہنیاں نظر پڑیں۔ مولوی حسن علی صاحب نے ہاتھ بڑھا کر ان میں سے ایک تنکا دانتوں کے خلال کرنے کے لئے توڑ لیا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ کے فضل سے مجھے تقویٰ کا وہ بلند مقام حاصل ہے کہ میں اس تنکے کو توڑنا بھی تقویٰ کے خلاف سمجھتا ہوں۔

قیمتی نصیحت

حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی بیان کرتے ہیں کہ:

"سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے عہد سعادت میں جناب چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب بیرسٹری کی تعلیم کے لئے لنڈن گئے۔ سفر پر روانگی سے پہلے آپ حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے اور دعا کے لئے عرض کیا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے فرمایا کہ:

آپ لنڈن جا رہے ہیں۔ لنڈن شہر دنیا کی زیب و زینت کے اعتبار سے مصر سے بھی بڑھ کر ہے۔ آپ ہر صبح سورہ یوسف کی تلاوت کرتے رہنا اور ہر شہر میں شرفاء کا طبقہ ہوتا ہے اس لئے تعلقات و نشست و برخواست کے لئے شرفاء کا انتخاب مفید رہے گا۔

حضور کی ان نصائح پر عمل کرتے ہوئے حضرت چوہدری صاحب نے لندن میں تعلیم کا زمانہ گزارا۔ ان دنوں خواجہ کمال الدین صاحب ووکنگ

میں تھے۔ انہوں نے حضرت چوہدری نصر اللہ خاں صاحب والد ماجد جناب چوہدری صاحب کی خدمت میں لندن سے خط لکھا کہ لندن شہر اس وقت زیب وزینت اور دلکشی میں مصر سے بڑھا ہوا ہے لیکن چوہدری ظفر اللہ صاحب اس میں تقویٰ اور طہارت کا نمونہ پیش کر رہے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں ان نیک نمونوں پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آخر میں حضرت مسیح موعود کی بیان فرمودہ ایک سبق آموز حکایت پر اپنے مضمون کو ختم کرتا ہوں جس میں تقویٰ کا ہی درس ملتا ہے۔

ایک بزرگ اور چور کی کہانی

حضرت مسیح موعود بیان فرماتے ہیں:

''ایک بزرگ کہیں سفر میں جا رہے تھے اور ایک جنگل میں ان کا گزر ہوا جہاں ایک چور رہتا تھا اور جو ہر آنے جانے والے مسافر کو لوٹ لیا کرتا تھا۔ اپنی عادت کے موافق اس بزرگ کو بھی لوٹنے لگا۔ بزرگ موصوف نے فرمایا تمہارا رزق آسمان پر موجود ہے۔ تم خدا پر بھروسہ کرو اور تقویٰ اختیار کرو۔ چوری چھوڑ دو۔ خدا تعالیٰ خود تمہاری ضرورتوں کو پورا کر دے گا۔ چور کے دل پر اثر ہوا۔ اس نے بزرگ موصوف کو چھوڑ دیا اور ان کی بات پر عمل کیا۔ یہاں تک کہ اسے سونے چاندی کے برتنوں میں عمدہ عمدہ کھانے ملنے لگے وہ کھانے کھا کر برتنوں کو جھونپڑی کے باہر پھینک دیتا۔ اتفاقاً پھر وہی بزرگ کبھی ادھر سے گزرے تو اس چور نے جو اب بڑا نیک بخت اور متقی ہو گیا تھا۔ اس بزرگ سے ساری کیفیت بیان کی اور کہا کہ مجھے او رآیت بتلاؤ تو بزرگ موصوف نے فرمایا کہ ''وہ آسمانوں اور زمین میں ہے اور برحق ہے'' یہ پاک الفاظ اس کر اس پر ایسا اثر ہوا کہ خدا تعالیٰ کی عظمت اس کے دل پر بیٹھ گئی پھر تڑپ اٹھا اور اسی میں جان دیدی۔

پس اے عزیزو! تم نے دیکھا کہ خدا تعالیٰ پر بھروسہ کرنے سے کیسی دولت ملتی ہے۔ غور کر کے دیکھو وہ خدا تعالیٰ جو زمین وآسمان کے رہنے والوں کی پرورش کرتا ہے۔ کیا اس کے ہونے میں کوئی شک وشبہ ہو سکتا ہے۔ وہ پاک اور سچا خدا ہی ہے جو ہم سب کو پالتا، پوستا ہے۔ پس خدا ہی سے ڈرو اسی پر بھروسہ کرو اور نیکی اختیار کرو۔''

خلاصہ مضمون یہ کہ تقویٰ بڑی دولت ہے حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں: ع

یہ دولت تو نے مجھ کو اے خدا دی

ہمیں چاہئے کہ حضور کی اس بیان فرمودہ تعلیم پر ہم دل وجان سے عمل پیرا ہوں تا وہ ساری باتیں جو ایک متقی انسان میں ہونی چاہئیں ہم میں بھی پیدا ہوں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حضور کے متبعین کو بھی اس دولت عظمیٰ سے حظ وافر بخشے آمین۔

دونوں ہاتھوں سے پکڑ لو دامن تقویٰ کو تم
ایک ساعت میں کرا دیتا ہے یہ دیدار یار
(حضرت مصلح موعود)

تبرکات

رمضان کی برکات

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے

(1).......... یاد رکھنا چاہئے کہ رمضان ایک بڑا ہی مبارک مہینہ ہے جو انسان کے دل میں ایک طرف محبت الٰہی کی تپش اور دوسری طرف مخلوق خدا کی ہمدردی اور شفقت پیدا کرنے کی خاص الخاص صلاحیت رکھتا ہے۔

(2).......... اس مبارک مہینہ میں تمام وہ صفات اور تاثیرات بصورت اتم ہیں جو ہمارے دین اور مذہب میں عبادت کی جان ہیں۔ یعنی نماز اور روزہ اور دعا اور ذکر الٰہی اور تلاوت کلام پاک اور صدقہ وخیرات۔ اور اس مہینہ کے آخر پر ایک مخصوص عشرہ انقطاع من الدنیا اور انقطاع الی اللّٰہ کا مقرر کر کے اور پھر اس عشرہ میں ایک مخصوص رات کو دعاؤں اور ذکر الٰہی کے لئے کلیتہً وقف کر کے رمضان کی عبادتوں میں گویا ایک گونہ معراج کی سی کیفیت پیدا کی گئی ہے۔

(3).......... پس دوستوں کو چاہئے کہ رمضان کی ان ساری برکات سے پورا پورا فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں اور حتی الوسع شرعی عذر (یعنی بیماری اور سفر) کے بغیر روزہ ہر گز ترک نہ کریں۔ اور شرعی عذر کی صورت میں اپنی حیثیت کے مطابق مسنون طریق پر فدیہ دیں۔

(4).......... اس مہینہ میں مقررہ پنج وقتہ نمازوں کے علاوہ تہجد کا بھی خاص التزام کیا جائے اور جن دوستوں کو توفیق ملے وہ نماز ضحٰی بھی پڑھنے کی کوشش کریں جو دن کے لئے ناغہ پر ذکر الٰہی کا موقعہ پانے اور خوابیدہ روح کو بیدار کرنے کے لئے مقرر کی گئی ہے اور جس کا وقت نو ساڑھے نو بجے صبح کے قریب سمجھنا چاہئے۔ تراویح کی نماز جو عشاء کے بعد پڑھی جاتی ہے وہ تہجد کی نماز کا ہی ایک ادنیٰ قائم مقام بدل ہے مگر کمزور اور بیمار لوگوں کے لئے بھی غنیمت ہے اور جن دوستوں کو دونوں کی توفیق مل سکے وہ دونوں سے فائدہ اٹھائیں۔

(5).......... اس مہینہ میں قرآن مجید کی تلاوت کی طرف خاص توجہ دینی چاہئے۔ اور بہتر یہ کہ قرآن مجید کے دو دور مکمل کئے جائیں ورنہ کم از کم ایک تو ضرور ہو۔ اور ہر رحمت کی آیت پر خدائی رحمت طلب کی جائے اور ہر عذاب کی آیت پر استغفار کیا جائے۔

(6).......... اس مہینہ میں دعاؤں اور ذکر الٰہی پر بھی بہت زور ہونا چاہئے اور دعا کے وقت دل میں یہ کیفیت پیدا کرنے کی کوشش کی جائے کہ ہم گویا خدا کے سامنے بیٹھے ہیں یعنی خدا ہمیں دیکھ رہا ہے اور ہم خدا کو دیکھ رہے ہیں۔ دعاؤں میں احمدیت کی ترقی اور حضرت خلیفۃ المسیح .... ایدہ اللہ کی صحت اور درازی عمر اور سلسلہ کے مربیان اور کارکنوں اور قادیان کے درویشوں اور ان کے مقاصد کی کامیابی کو مقدم کیا جائے۔ عمومی دعاؤں میں ربنا اتنا فی الدنیا حسنة و فی الاخرة حسنة وقنا عذاب النار بڑی عجیب وغریب دعا ہے اور نفس کی تطہیر کے لئے لاالٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظلمین غیر معمولی تاثر رکھتی ہے۔ اور استعانت باللہ کے لئے یا حی یا قیوم برحمتک نستغیث کامیاب ترین دعاؤں میں سے ہے۔ اور سورۂ فاتحہ تو دعاؤں کی سرتاج ہے۔

(7).......... برکات کے حصول کے لئے کثرت کے ساتھ درود پڑھنا اول درجہ کی تاثیر رکھتا ہے۔ حضرت مسیح موعود لکھتے ہیں کہ ایک رات میں نے اس کثرت سے درود پڑھا کہ میرا دل وسینہ معطر ہو گیا۔ اس رات خواب میں دیکھا کہ فرشتے نور کی مشکیں بھر بھر کے میرے مکان کے اندر آ رہے ہیں۔ ان میں سے ایک نے کہا کہ یہ نور اس درود کا ثمرہ ہے جو تو نے محمد ﷺ پر بھیجا ہے۔

(8).......... روزہ کے دوران میں خصوصیت سے ہر قسم کی لغو حرکت اور بے ہودہ کلام اور جھوٹ اور دھوکہ اور بددیانتی اور ظلم وستم اور ایذا رسانی اور استہزا اور گالی گلوچ سے اس طرح اجتناب کیا جائے کہ گویا انسان ان باتوں کو جانتا ہی نہیں تا کہ رمضان کا یہ روحانی سبق دوسرے ایام کے لئے ایک شمع ہدایت بن جائے۔

(9).......... رمضان کی ایک خاص عبادت جو حقوق العباد سے تعلق رکھتی ہے، صدقہ وخیرات ہے۔ حدیث میں آتا ہے کہ آنحضرت ﷺ رمضان میں اس طرح صدقہ وخیرات کیا کرتے تھے گویا کہ آپؐ کا ہاتھ ایک تیز آندھی ہے جو کسی روک کو خیال میں نہیں لاتی۔ اور رمضان کے آخر میں صدقۃ الفطر تو بہر حال ہر غریب وامیر خورد وکلاں اور مرد وزن پر فرض ہے۔

(10).......... رمضان کا آخری عشرہ اپنی برکات اور قبولیت دعا کے لئے خصوصی تاثیر رکھتا ہے۔ اس لئے اس عشرہ میں نوافل اور ذکر الٰہی اور دعا اور تلاوت قرآن مجید اور درود پر بہت زور دینا چاہئے۔ اور جن دوستوں کو توفیق ملے اور ان کے ضروری فرائض منصبی میں حرج نہ لازم آتا ہو تو وہ آخری عشرہ میں اعتکاف بیٹھ کر بھی اس کی مخصوص روحانی برکات سے فائدہ اٹھائیں۔ ورنہ کم از کم اس عشرہ کی راتوں اور خصوصاً طاق راتوں میں خصوصیت کے ساتھ نوافل اور ذکر الٰہی اور دعاؤں پر زور دیں تا کہ اگر خدا چاہے تو وہ مبارک رات میسر آ جائے جو عمر بھر کی راتوں سے زیادہ بابرکت شمار کی گئی ہے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس رمضان کی برکات سے پورا پورا فائدہ اٹھانے کی توفیق دے تا کہ جب رمضان گزر جائے تو خدا کے فرشتے ہمیں ایک بدلی ہوئی مخلوق پائیں اور ہمارے لئے دین ودنیا میں غیر معمولی ترقی کے راستے کھل جائیں۔ آمین یا ارحم الراحمین۔

(روزنامہ الفضل ربوہ، 9/مارچ 1960ء)

بقیہ صفحہ 5

تھا تو آپ نے تلاخیص لکھیں۔ جب ملک میں اور بھی سیاسی استحکام تھا تو آپ نے شروح اور تفاسیر لکھیں۔ آپ اپنی تحریروں سے کبھی مطمئن نہ تھے اس لئے پرانی جوامع، تفاسیر، اور تلاخیص پر نظر ثانی کرتے رہے اور کئی ایک مقالات تحریر کئے۔

آپ کی سوانح عمریاں

ابن رشد الطبیب: دار المعارف قاہرہ 1953ء

مصادر جدیدۃ عن تاریخ الطب عند العرب: 1959ء

گریک انٹو عریبک آکسفورڈ: Greek into Arabic by R Walze 1962ء

B.S. Eastwood-Averroes view of the Retina, A reappraisal-Journal of the History of Medicine 24 (1996ء)

A.Z. Iskander A catalogue of Arabic manuscripts in Wellcome Historical Medical Library, 1967. London ء

قصوروں کی سزا

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:-

حضرت مسیح موعود ایک قصہ سنایا کرتے تھے کہ مہاراجہ رنجیت سنگھ نے ایک دفعہ اپنے باورچی کو محض اس جرم میں کہ کھانے میں اس نے کچھ نمک زیادہ ڈال دیا تھا ایک سو کوڑے لگانے کی سزا دی۔ عزیز الدین ایک مسلمان ان کے وزیر تھے۔ وہ بڑے نرم دل تھے۔ کہنے لگے، یہ بادشاہ کی شان سے بعید ہے کہ کھانے میں ذرا سا نمک زیادہ ہو جائے تو وہ اس پر چڑ کر ایک سو کوڑے لگانے کا حکم دے دے مہاراجہ کہنے لگا۔ وزیر صاحب! آپ یہ خیال نہ کریں کہ میں اسے نمک کی زیادتی پر یہ سزا دے رہا ہوں۔ اس نے میرا ایک سو بکرا کھایا ہوا ہے اور ایک ایک بکرے پر ایک ایک درے کی سزا میں اسے دے رہا ہوں۔ کھانے میں نمک کی زیادتی محض ایک بہانہ ہے۔ اس ذریعہ سے تو مجھے اس کو گزشتہ قصوروں کی سزا دینے کا موقع مل گیا ہے۔

(تفسیر کبیر جلد ہفتم ص 389)

قرطبہ کا جلیل القدر قاضی۔ ابن رُشد

آپ عالم باعمل، ماہر طبیب، ہیئت دان، فلسفی اور دانشور تھے

﴿قسط سوم آخر﴾

محمد زکریا ورک صاحب

ابن رشد بائیبل کی تخلیق کی کہانی پر یقین نہ رکھتے تھے اس لئے آپ نے اسلامی تخلیق کائنات کی نئی تھیوری پیش کی۔ آپ کا یقین تھا کہ خدا ازل سے ہے۔ خدا ہی Prime Mover محرک اول ہے۔ قرآن مجید کے ہر لفظ ہر شعشہ پر صدق دل سے ایمان رکھتے تھے اور کہتے تھے کہ اس میں سب قسم کی صداقتیں موجود ہیں۔ اس کی آیات کریمہ میں عام آدمی کے لئے ایک معنی بیان ہوئے اور فلاسفر یا عقل مند کے لئے اس کے الفاظ میں اور معنی پوشیدہ ہیں۔ فلاسفر کو چاہئے کہ وہ قرآن مجید کی تفسیر اور تشریح عام لوگوں کو نہ بتلائے۔ آپ کے نزدیک خدا کا علم ہر چھوٹی سے چھوٹی چیز (جزویات) پر بھی حاوی ہے کیونکہ اس نے ہی تو ان اشیاء کو بنایا ہے۔

کتاب الحیوان کی تفسیر لکھتے ہوئے آپ نے قرطبہ کی آب وہوا کا اثر انسان کے بالوں، بھیڑ کی کھال اور لوگوں کے مزاج پر بیان کیا اسی طرح کتاب میٹرالوجی کی تفسیر لکھتے ہوئے آپ نے اظہار خیال کیا کہ عرب لوگوں کی اولاد سپین کے آزاد خطہ میں رہ کر رفتہ رفتہ خود مختار لوگوں کی ذہنیت اختیار کر گئی ہے۔ پھر کتاب الکلیات میں آپ نے قرطبہ کے دریا وادی الکبیر کے پانی کا خالص اور اچھا ہونے کا ذکر کیا ہے۔

مذہب اسلام کی فضیلت پر آپ کا پختہ یقین تھا اور فرمایا کہ انسان کو اپنے دور کی سب سے بہترین ملت کا انتخاب کرنا چاہئے اگر چہ اس کی نظر میں تمام ملتیں اچھی ہوں، انسان کا یقین ہو کہ افضل شریعت کم تر شریعت پر غالب آجاتی ہے۔ یہی چیز اسکندریہ (مصر) میں ہوئی جب اسلام وہاں پہنچا تو وہاں کے علماء اور دانشوروں نے اسلامی قانون کو اپنا لیا، یہی حالت روم کے علماء سے ہوئی انہوں نے حضرت عیسیٰؑ کے قانون کو تسلیم کرلیا۔ بنی اسرائیل کی قوم میں علماء اور فقہاء پیدا ہوتے آئے ہیں یہی وجہ ہے کہ ہر نبی عالم وفاضل ہوتا ہے لیکن ضروری نہیں کہ ہر عالم نبی ہو۔ علماء بلاشبہ انبیاء کے وارث ہوتے ہیں (کتاب تہافت التہافت نیز دیکھو کتاب Averroes by Roger Page U. Analdez 2000ء, 115, Indiana USA.

یورپ میں آپ کا اثر

جیسا کہ ذکر کیا گیا آپ کی کتابوں کی تعداد 67 کے قریب ہے۔ ان کتابوں کی اکثریت اسکوریال (سپین) کے کتب خانے میں موجود ہے۔ (راقم الحروف نے اس کتب خانے کو 1999ء میں وزٹ کیا تھا)۔ تاہم اس کے علاوہ آپ کی کتابیں امپیریل لائبریری پیرس، بوڈلین لائبریری (آکسفورڈ)، لارنش این لائبریری (فلارنس اٹلی)، وی آنا لائبریری (آسٹریا)، ساربون (فرانس) اور لیڈن (ہالینڈ) میں موجود ہیں۔ پیرس اور (بوڈلین) آکسفورڈ میں بعض ہاتھ سے لکھے عربی کے نسخے عبرانی رسم الخط میں لکھے ہوئے ہیں جن سے یہودی عالم استفادہ کیا کرتے تھے۔ آپ کی اصل تصنیفات یورپ میں کم ہیں لیکن ان کے لاطینی اور عبرانی تراجم یورپ کے تمام قابل ذکر کتب خانوں میں موجود ہیں۔ تہافت التہافت کا لاطینی ترجمہ 1328ء میں کیا گیا، کہتے ہیں کہ عبرانی زبان میں تورات کے بعد ابن رشد کی تصنیفات سے زیادہ کسی اور مصنف کی اتنی کتب کی اشاعت نہیں ہوئی۔

آپ کی کتب کے لاطینی تراجم جو 1480ء سے لے کر 1580ء تک ایک سو سال میں ہوئے ان کی تعداد ایک سو سے متجاوز تھی، صرف وینس (اٹلی) کے مطبع خانے سے آپ کی کتابوں کے جو مختلف ایڈیشن منظر عام پر آئے وہ پچاس سے زائد تھے۔ 1482ء میں کتاب الکلیات اور رسالہ جواہر الکون شائع ہوئیں، پھر 1483ء میں ارسطو کی مکمل تصنیفات ابن رشد کی شرح اور تلخیصات کے ساتھ شائع ہوئیں۔ پیڈوا یونیورسٹی (اٹلی) کے مطبع خانے نے پندرہویں صدی میں آپ کی تصنیفات کا حق طباعت اپنے لئے محفوظ کرلیا ہوا تھا۔ کیونکہ اب پرنٹنگ مشین بھی ایجاد ہو چکی تھی۔

سب سے پہلے جس شخص نے عبرانی میں آپ کی کتب کے تراجم کئے وہ جیکب اناطولی (Naples 1232ء) Jacob Anatoli تھا اس کے بعد جوڈا کوہن Judah Cohen نے عرانی میں تراجم کئے۔ جبکہ لاطینی میں سب سے پہلے جس شخص نے ابن رشد کی تصنیفات سے یورپ کو روشناس کرایا وہ مائیکل اسکاٹ Michael Scott (1220ء) تھا۔ وہ شہنشاہ فریڈرک دوم آف سسلی (قیصر جرمنی) کا درباری مترجم تھا اس نے سب سے پہلے شرح کتاب السماء والعالم، اور شرح مقالہ فی الروح کا لاطینی میں ترجمہ کیا۔ پھر اس نے مقالہ فی الکون والفساد اور جواہر الکون کے تراجم کئے۔ لاطینی میں ارسطو کی جن کتابوں کے مائیکل نے تراجم کئے وہ یہ ہیں De Caelo, De Anima, Physica, Metaphysics, meteorlogica, De Generatione Animalum, Parva Naturalia یوں ابن رشد کی وفات کے صرف پچاس سال بعد یورپ اس کے نام سے متعارف ہو چکا تھا۔

آپ کے نظریات کے یورپ پر اثر کی ایک مثال یہ ہے کہ تیرہویں صدی میں لوگوں کا عقیدہ تھا کہ روح مادی اوصاف سے بری نہیں ہے اور مرنے کے بعد یہ قبر کے گردو پیش منڈلاتی رہتی ہے۔ یا یہ کہ روح جہنم میں جسمانی عذاب میں مبتلا ہوگی۔ لیکن ابن رشد کے فلسفہ کی بدولت یہ عقیدہ بدل گیا اور لوگ ماننے لگے کہ روح مادہ سے بالکل الگ جوہر ہے، اس پر جسمانی عتاب نہیں بلکہ روحانی عذاب ہوگا۔ ابن رشد کے فلسفہ کی بدولت یورپ میں ماہیت روح کے متعلق عامیانہ عقیدوں کی بجائے روح کی اعلیٰ حقیقت کا تخیل پیدا ہوگیا۔ ڈیکارٹ Descarte روح کے جسم سے الگ ایک جوہر ماننے کے عقیدہ کا بانی خیال کیا جاتا ہے حالانکہ اس نے یہ نظریہ ابن رشد سے سیکھا تھا۔

یورپ پر آپ کے نظریات کے اثر کی ایک اور مثال یہ ہے کہ جدید سائنس جس کے بانی بیکن، ڈیکارٹ، گلیلیو اور نیوٹن تھے اس کے مطابق کائنات مادہ Matter اور قوت Force کی رزم گاہ ہے۔ یہ دونوں ازلی ہیں۔ قوت کبھی فنا نہیں ہوتی بلکہ صورتیں بدل لیتی ہے چنانچہ برق اور حرارت اس کی متعدد اشکال ہیں۔ یہ فلسفہ بھی ابن رشد کے فلسفہ کی آواز بازگشت ہے جو کائنات کے ازلی وابدی ہونے پر اصرار کرتا تھا بلکہ اس کو عقل عام کا مظہر بتلاتا تھا اور اسی قوت (فورس) سے عالم کی ابتداء ہوئی۔

یورپ میں ابن رشد کے فلسفہ پر تین دور گزرے۔

1۔ پہلے دور میں کتابوں کے محض ترجمے کئے گئے۔

2۔ ترجموں کی اشاعت کے بعد دوسرے دور میں ابن رشد کے مقلد پیدا ہوئے جو اس کی کتابوں کا حاشیہ و تفسیر لکھتے تھے۔ پیڈوا (اٹلی) کے پروفیسروں کا یہی حال تھا۔ 3۔ اور بعض واقعی اس کے مقلد جامد ہوتے تھے۔

ابن رشد کے فلسفہ کا سب سے زیادہ اثر فرانسسکن فرقہ میں نظر آتا تھا جس کا صدر مقام آکسفورڈ میں تھا۔ راجر بیکن Bacon کا تعلق اسی فرقہ سے تھا اس نے ابن رشد کی شرح طبیعات، شرح مقالہ فی الروح، شرح مقالہ فی السماء والعالم سے بہت سے اقتباسات اپنی کتب میں ہو بہو نقل کئے۔ اس کے برعکس ڈومینیکن Dominican فرقہ ابن رشد کے فلسفہ کا سب سے زیادہ مخالف تھا چنانچہ سینٹ ٹامس ایکوینا Acquina نے اپنی کتاب رد ابن رشد میں اس پر شدید حملے کئے تھے۔

سولہویں صدی کے ختم ہوتے ہی ابن رشد بام شہرت سے گر گیا۔ سترہویں صدی کے آخر میں ابن رشد، فارابی، ابن سینا اور افلاطون، ارسطو کی کتابیں صرف لائبریریوں کے شیلفوں کی زینت بن کر رہ گئیں۔ اب ان کا مطالعہ نقد وتبصرہ کی غرض سے کیا جانے لگا۔

انٹرنیٹ پر ابن رشد کی کتابیں

عربی میں کتاب تہافت التہافت انٹرنیٹ پر مطالعہ کی جا سکتی ہے۔ http://umcc.ais.org/~maftab/ip/pdf/bktxt/taf-int.pdf

انگلش میں ارسطو کی کتاب Topics۔ http://umcc.ais.org/~maftab/ip/pdf/bktxt/jadil.pdf عربی میں کتاب فصل المقال، تہافت التہافت، تلخیص کتاب الجدل، فصل المقال، الضروری فی اصول الفقہ، بدایۃ المجتہد اور عربی میں مختصر بائیوگرافی۔

http://www.muslimphilosophy.com/ir/fasl.htm

ابن رشد کی تصنیفات

سپین کے ایک عالم Manuel Alonso نے 1947ء میں میڈرڈ سے ایک کتاب Teologia de Averroes شائع کی جس میں ابن رشد کی لاطینی زبان میں تمام کتابوں کے ذخیرہ کا ذکر کیا گیا۔ اس کے بعد عبرانی زبان میں تمام کتابوں کے ذخیرہ کی اشاعت بھی ہو چکی ہے۔ عربی زبان میں کل کتابوں کے ذخیرہ کا ذکر جمال الدین العلوی نے اپنی کتاب المتن الرشدی (دار البیضا 1986ء) میں کیا۔ العلاوی نے 58 کتابوں کا ذکر کیا۔ اس ضمن میں ایک تازہ کتاب Hans Daiber کی ہے۔ ببلیوگرافی آف اسلامک فلاسفی Bibliography of Islamic Philosophy, Brill 1999 ہالینڈ سے شائع ہوئی ہے۔

آپ کی تصنیف اور تالیف کا عرصہ 1157ء سے لے کر 1196ء تک ہے یعنی 39 سال کا عرصہ۔ ان کتابوں پر طائرانہ نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی تحریروں کے تین دور تھے۔ پہلے دور میں جب ملک میں سیاسی خلفشار تھا تو آپ نے جوامع اور تلاخیص لکھیں۔ دوسرے دور میں جب ملک میں سیاسی اطمینان

باقی صفحہ 4 پر

نزلہ اور زکام کا ہومیو پیتھک علاج

ہومیو ڈاکٹر حفیظ احمد بھٹی صاحب

موسم سرما کے آغاز کے ساتھ ہی نزلہ اور زکام جیسے متعدی مرض کے حملوں کا آغاز ہو جاتا ہے۔ اس مرض میں ناک کی اندرونی لعاب دار جھلی (Mucous Membrane) متورم ہو جاتی ہے۔ جس وجہ سے ناک بہنی شروع ہو جاتی ہے۔ اس مرض کے اسباب میں اچانک موسم کی تبدیلی کی وجہ سے ٹھنڈ لگ جانا، سرد ہوا میں چلنا پھرنا، بارش میں بھیگ جانا، رات کو دیر تک سردی میں رہنا یا پھر گرم سرد ہو جانا شامل ہیں۔

نزلہ اور زکام کی علامات کے ابتداء میں طبیعت سست رہتی ہے، پیشانی پر جکڑن اور بوجھ کے احساس کے ساتھ سر میں ہلکا ہلکا درد اور ناک کی جڑ میں بھی درد محسوس ہوتا ہے۔ بکثرت چھینکوں کے ساتھ ناک سے پتلا جلتا ہوا پانی بہنے لگتا ہے۔ جس کی خراش سے ناک کے کنارے درد کرتے ہیں اور سرخ بھی ہو جاتے ہیں۔ چونکہ آنکھ کی آنسوؤں کی نالی میں سوزش ہو جاتی ہے جس کے باعث آنکھوں میں کچھ کچھ سرخی آ جاتی ہے۔ حلق اندر سے سرخ اور متورم ہو جاتا ہے اور نگلتے وقت درد محسوس ہوتا ہے۔ جب مرض کا حملہ شدید ہو تو سانس کی نالیوں میں خراش کی وجہ سے کھانسی شروع ہو جاتی ہے اور ہلکا سا بخار بھی ہو جاتا ہے۔ نبض تیز چلتی ہے، زبان میلی ہو جاتی ہے، پیاس بہت لگتی ہے اور بھوک بند ہو جاتی ہے۔ ایک یا دو دن کے بعد ناک سے بہنے والی پتلی رطوبت سبزی مائل گاڑھے سے رنگ میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ مریض کی یہ کیفیت چار سے پانچ روز تک تکلیف کا باعث بنی رہتی ہے۔

نزلہ اور زکام چونکہ چھوت کی بیماری ہے اور بہت جلد ایک مریض سے دوسرے مریض کو لگ جاتی ہے اس لئے چاہئے کہ ایسے مریض ان جگہوں پر جانے پر پرہیز کریں جہاں لوگوں کا اکٹھ ہو۔ بلکہ گھر میں رہ کر آرام کریں تا کہ صحت یاب ہوں۔

اس مختصر سے تعارف کے بعد قارئین کی خدمت میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی کتاب ''ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل'' اور بعض دوسرے ہومیو پیتھ کے تجربات سے نزلہ اور زکام کا عمومی علاج پیش خدمت ہے:۔

(1) کیمفر
Camphor

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

''روزمرہ کے تجربات سے یہ بات ثابت ہے کہ اگر نزلہ و زکام کا آغاز میں ہی موثر علاج کیا جائے تو خدا کے فضل سے نزلہ کے نتیجہ میں ہونے والی خطرناک پیچیدگیوں سے بچا جا سکتا ہے۔ جونہی ناک کے اندر سردی کا احساس ہو فوراً کیمفر بہت چھوٹی طاقت یا 30 میں دینی چاہئے''۔

(2) ایکونائیٹ
Aconite

نزلہ اور زکام کی ابتدائی حالت میں یہ دوائی بہت نافع ہے جب کہ آب و ہوا کی فوری تبدیلی سے زکام کا حملہ ہوا ہو اور مریض کو ٹھنڈ کے ساتھ بخار بھی محسوس ہو۔ ناک سے نزلہ گرنا تو شروع نہ ہوا ہو لیکن اجتماع خون کے باعث ناک سوج کر گرم خشک اور بند ہو گیا ہو تو اس دوائی کا فوری استعمال نہایت کارآمد ثابت ہوتا ہے۔ ایک ہزار طاقت میں خدا کے فضل سے بہت اچھا اثر دکھاتی ہے۔

اگر مریض کا چہرہ تمتمایا ہوا ہو اور دھڑکن والا سر درد ہو تو ایکونائیٹ کے ساتھ بیلاڈونا اور آرنیکا (Belladonna & Arnica) کو بھی ملا لیا جائے تو یہ نسخہ بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

(3) آرسینک ایلبم
Arsenic Album

موسم سرما کے زکام میں یہ دوائی نہایت مفید ہوتی ہے جب کہ تمام اخراجات بکثرت اور جلتے ہوئے نکلتے ہوں۔ اور اوپر کے ہونٹ کو جلا دیں۔ ماتھے میں درد ہو، روشنی نا قابل برداشت ہو اور چھینکیں بہت آتی ہوں۔ اس میں منہ خشک رہتا ہے اس لئے مریض بار بار تھوڑی تھوڑی مقدار میں پانی پینے کی خواہش کرتا رہتا ہے۔ تازہ ہوا میں جانے سے مریض کی تکالیف میں اضافہ ہوتا ہے جب کہ ایکونائیٹ کے مریض کی تکالیف کو کھلی ہوا میں آرام ملتا ہے۔

(4) ایلیم سیپا
Allium Cepa

نزلہ اور زکام کی بہترین دواؤں میں سے ایک ہے۔ مریض کے ناک سے پتلی اور جلن دار رطوبت نکلتی ہے۔ آنکھوں سے بھی بکثرت پانی بہتا ہے لیکن اس میں جلن نہیں ہوتی اور نہ ہی آنکھوں میں سرخی پائی جاتی ہے۔ بلکہ اس کا زور کانوں پر ٹوٹتا ہے جس سے کان درد کرتے ہیں اور شنوائی پر اثر پڑتا ہے۔ ایلیم سیپا کی ایک اور خاص علامت یہ ہے کہ جب مریض کھلی ہوا میں جاتا ہے تو نزلہ بند ہو جاتا ہے۔ لیکن جب وہ گرم کمرہ میں واپس آتا ہے تو پھر نزلہ بہنا شروع ہو جاتا ہے۔ زکام کے ساتھ سر میں درد ہوتا ہے جو خصوصاً داہنی کنپٹی میں شدت سے محسوس ہوتا ہے اور پیشانی تک پھیل جاتا ہے۔

(5) بیسیلینم
Bacillinum

یہ دوائی نزلہ کے مزمن (Chronic) امراض میں بہت مفید پائی جاتی ہے۔ جب کہ پھیپھڑوں میں دوران خون کمزور پڑ گیا ہو اور رات کو دم گھٹنے کی شکایت ہو۔ اس کا مریض جلد سردی قبول کر لیتا ہے اور اسے بار بار زکام کی شکایت رہتی ہو اور بلغم بہت خارج ہوتی ہو تو اس کیلئے یہ دوا بہت مفید ہے۔

(6) ڈفتھیرینم
Diphtherinum

یہ دوائی ان مریضوں کیلئے مفید ہے جو عموماً سانس کی نالی کے نزلہ میں مبتلا رہتے ہیں۔ ڈفتھیرینم، خناق (Diphtheria) کے زہر سے تیار کی جاتی ہے۔ اس پہلو سے یہ دوا خناق کے علاج میں بہت اہمیت رکھتی ہے لیکن اسے انفلوئنزا کی مدافعت میں بہت مفید پایا گیا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

''کئی دفعہ تجربہ میں آیا ہے کہ انفلوئنزا کی وباء کے دوران اگر انفلوئنزینم اور بیسیلینم کے ساتھ ڈفتھیرینم بھی ملا دیں تو روک تھام کی ایک بہت طاقتور دوا بن جاتی ہے۔ نگلنے کے عضلات کی کمزوری اور ان کے فالجی اثرات کے علاج میں بھی ڈفتھیرینم اچھا اثر دکھاتی ہے۔ اگر انفلوئنزا کے بد اثرات سے دل متاثر ہو تو اس صورت میں ڈفتھیرینم دینے سے بہت فائدہ ہوگا''۔

(7) انفلوئنزینم
Influenzinum

جیسا کہ اس دوائی کے نام سے ظاہر ہے یہ دوائی بھی انفلوئنزا کے فاسد مادہ کا نوزوڈ (Nosode) ہے۔ یہ دوائی 1918ء میں اس وقت تیار کی گئی جب سپین میں انفلوئنزا کی وبا پھیلی جس نے پورے یورپ اور امریکہ کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے کہ نزلہ اور زکام میں یہ دوا میں بیسیلینم اور ڈفتھیرینم کے ساتھ ملا کر دینے سے ایک مجرب نسخہ بن جاتا ہے جب کہ یہ دوائی اکیلی بھی نزلہ و زکام کے حفظ ماتقدم کے لئے بہت مفید بتائی گئی ہے۔ اس طرح نزلہ زکام سے پیدا ہونے والی جسمانی کمزوری، ضعف اور نقاہت کے لئے بھی خاطر خواہ فائدہ پہنچاتی ہے۔

(8) جیلسیمیم
Gelsemium

یہ بھی نزلہ اور زکام کی ایک خاص دوا ہے۔ اس میں چھینکیں بہت آتی ہیں اور ناک کی نوک بے حس ہو جاتی ہے۔ جسم گرم لیکن ساتھ ہی ٹھنڈ بھی لگتی ہے اور مریض آگ سینکنے کی زبردست خواہش کرتا ہے۔ موسم گرما میں سردی لگ جانے سے نزلہ اور زکام کی تکالیف میں یہ دوائی زیادہ مفید ہے۔

(9) نیٹرم میور
Natrum Mur

نزلاتی تکلیفوں میں جیلسیمیم اور نیٹرم میور کی علامات آپس میں ملتی ہیں لیکن نیٹرم میور میں جیلسیمیم کے برعکس پیاس نمایاں ہوتی ہے۔ شدید چھینکوں کے ساتھ زکام بہتا ہے جو کہ ایک سے تین دن تک جاری رہتا ہے پھر ناک بند ہو جاتی ہے اور ناک سے سانس لینا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی سونگھنے اور ذائقہ چکھنے کی صلاحیت بھی ختم ہو جاتی ہے۔

(10) اوسلوکوکسی نم
Oscillococcinum

یہ دوائی بھی ایک نوزوڈ (Nosode) ہے جس کو 1925ء میں ایک فرانسیسی ڈاکٹر نے متعارف کروایا۔ یہ دوائی ایسے انفلوئنزا میں جب کہ خصوصاً معدہ اور آنتیں متاثر ہوں بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔ اس دوائی کو وبائی انفلوئنزا کے دوران حفظ ماتقدم کے طور پر بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اور انفلوئنزا کے بعد کی تکلیفوں مثلاً ناک کی سوزش اور کان کی سوزش کے لئے بھی یہ دوا فائدہ مند ہے۔

استغفار بہت پڑھا کرو

حضرت میاں محمد خان صاحب ساکن گل منج ضلع گورداسپور بیان کرتے ہیں کہ:۔

''ابتداء میں حضرت مسیح موعود بیت مبارک میں خود نماز پڑھایا کرتے تھے ایک آدمی آپ کے دائیں طرف کھڑا ہوتا تھا اور پیچھے صرف چار پانچ مقتدی کھڑے ہو سکتے تھے اور جو آدمی پہلے نماز کے وقت دائیں جانب آ بیٹھتا اس کو عرض کرنے کا موقعہ مل جاتا۔ ایک روز میں بھی سب سے اول وضو کر کے بیت مبارک میں دائیں جانب جا بیٹھا۔ پھر حضور تشریف لے آئے اور میرے قریب آ کر بیٹھ گئے اتنے میں چار پانچ آدمی پیچھے سے آئے۔ وہ بڑے ذی عزت معلوم ہوتے تھے۔ میں نے حضور کے پاؤں دبانے شروع کر دیئے۔ اور حضور کی خدمت میں شرماتے ہوئے عرض کی کہ حضور مجھے کوئی ایسا وظیفہ بتائیں جس کے ذریعہ سے دین و دنیا میں کامیابی حاصل ہو۔ حضور نے فرمایا: ''استغفار بہت پڑھا کرو''۔ سو اب تک یہی میرا وظیفہ ہے''۔

(سیرت المہدی حصہ سوم ص35)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ)

مسل نمبر **38234** میں نخیل محمود ولد ڈاکٹر محمود احمد قوم قریشی پیشہ انجینئر عمر 31 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 14۔ شیر شاہ بلاک نیو گارڈن ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکرہ آج بتاریخ 12-2003 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/113500 روپے ماہوار بصورت آمد مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد نخیل محمود گواہ شد نمبر 1 منیر احمد نسیم ولد نسیم تاج الدین گارڈن ٹاؤن لاہور گواہ شد نمبر 2 شیخ عبدالرحیم ولد شیخ عبدالحمید نیو گارڈن ٹاؤن لاہور

مسل نمبر **38235** میں بشیر بیگم زوجہ عبدالحق حقانی قوم گجر پیشہ خانہ داری عمر 85 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ریلو کے ضلع سیالکوٹ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکرہ آج بتاریخ 15-6-2004 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/3 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ زرعی اراضی اڑھائی ایکڑ مالیتی -/750000 روپے۔ 2۔ زیورات طلائی وزنی ایک تولہ مالیتی -/8000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/800 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/20000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/3 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ بشیر بیگم گواہ شد نمبر 1 نیر احمد ولد عنویر احمد دارالصدر شمالی ربوہ گواہ شد نمبر 2 کامران انوار ولد انوار الحق دارالصدر شمالی ربوہ

مسل نمبر **38236** میں دانیال احمد سرور ولد مالو رام قوم چوہان پیشہ معلم اصلاح وارشاد عمر 32 سال بیعت 1993ء ساکن احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکرہ آج بتاریخ 18-6-2004 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3100 روپے ماہوار بصورت الاؤنس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد دانیال احمد گواہ شد نمبر 1 رفیق احمد وصیت نمبر 32516 گواہ شد نمبر 2 اطہر احمد شکرانی وصیت نمبر 29985

مسل نمبر **38237** میں سید عبداللہ شاہ ولد سید عبدالعزیز شاہ قوم سادات پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت 2000ء ساکن راو کالونی احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکرہ آج بتاریخ 16-6-2004 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد سید عبداللہ شاہ گواہ شد نمبر 1 رفیق احمد وصیت نمبر 32516 گواہ شد نمبر 2 پرویز احمد ولد محمد شفیع قمر کیسٹ پوائنٹ چوک عباسیہ احمد پور شرقیہ

